# پھلوں کی وادی کوئٹہ

ورک شیٹ برائے سبق ۵

**ماضی:** وہ زمانہ جو گزر چکا ہے، ماضی کہلاتا ہے۔ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانے میں کام کرنے کو ظاہر کرے فعلِ ماضی کہلاتا ہے۔

**حال:** وہ زمانہ جو گزر رہا ہے، حال کہلاتا ہے۔ وہ فعل جو موجودہ زمانے میں کام کرنے کو ظاہر کرے فعلِ حال کہلاتا ہے۔

**مستقبل:** وہ زمانہ جو ابھی آئے گا، مستقبل کہلاتا ہے۔ وہ فعل جو آنے والے زمانے میں کام کرنے کو ظاہر کرے فعلِ مستقبل کہلاتا ہے۔

مثال:

| ماضی | حال | مستقبل |
|---|---|---|
| میں نے پڑھا | میں پڑھ رہا ہوں | میں پڑھوں گا |
| بچّے کھیلے | بچّے کھیل رہے ہیں | بچّے کھیلیں گے |

۱۔ تین تین جملے ماضی، حال اور مستقبل کے بنائیے۔

| ماضی | حال | مستقبل |
|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |

۲۔ دیے گئے جملوں میں سے ماضی کے جملوں کو حال میں اور حال کے جملوں کو مستقبل میں تبدیل کیجیے۔

(ا) بچّے نے کتاب پڑھی۔

(ب) میں لکھ رہا ہوں۔

(ج) چڑیا پانی پی رہی ہے۔

(د) بانو نے رومال سیا۔

(ہ) یاسر نے کھانا کھایا۔

(و) دادا جان سو رہے ہیں۔



OXFORD UNIVERSITY PRESS

۳۔ دیے گئے جملوں میں سے مستقبل اور حال کے جُملوں کو ماضی میں اور ماضی کے جُملوں کو مستقبل میں تبدیل کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہم بازار جائیں گے | راشد دوڑ رہا ہے | ردا خط لکھے گی | استاد نے امتحان لیا |
| بچّہ رو رہا ہے | مزدور نے اینٹ بنائی | امّی نے روٹی پکائی | طیّارہ اُڑ جائے گا |